(6 pages)

MAY 2024 **U/ID 33278/ULF3A**

Time : Three hours Maximum : 75 marks

SECTION A – (10 × 2 = 20 marks)

نوٹ : کوئی دس سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

ایک یا دو جملوں میں جواب دیجئے۔

۱۔ آریا قوم ہندوستان میں کہاں سے آئی تھی؟

۲۔ ''پنجاب میں اردو'' کس کی لکھی ہوئی کتاب ہے؟

۳۔ اردو کا تعلق لسانیات کے کس خاندان سے ہے؟

۴۔ دکن کے کس شاعر نے دہلی میں اردو زبان میں شاعری کی ترغیب دلائی؟

۵۔ اردو غزل کا ''باوا آدم'' کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

۶۔ ''مثلث'' میں کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

۷۔ ایک شعر میں کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

۸۔ قافیہ کسے کہتے ہیں؟

۹۔ کسی دو مرثیہ گو شاعروں کے نام بتایئے؟

۱۰۔ غالب کا پورا نام کیا ہے؟

۱۱۔ میر تقی میر کو ''غم نصیب شاعر'' کیوں کہا جاتا ہے؟

۱۲۔ کسی دو مزاحیہ شعراء کے نام بتایئے؟

SECTION B – (5 × 5 = 25 marks)

نوٹ : ذیل کے کسی پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال کا جواب دو سو الفاظ سے کم نہ ہو۔

۱۳۔ قلی قطب شاہ کی شاعری پر اظہار خیال کیجئے۔

۱۴۔ ولی دکنی کی شاعری پر ایک نوٹ لکھئے۔

۱۵۔ فورٹ ولیم کالج کی اردو نثر کے لئے خدمات کا احاطہ کیجئے۔

۱۶۔ نظیر اکبر آبادی کے کلام پر اظہار خیال کیجئے۔

۱۷۔ مومن کی شاعری پر ایک اختصاریہ لکھئے۔

۱۸۔ پریم چند کی افسانہ نگاری پر اظہار خیال کیجئے۔

۱۹۔ ساحر لدھیانوی کی نظم گوئی کا جائزہ لیجئے۔

SECTION C – (3 × 10 = 30 marks)

نوٹ : کوئی تین سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

ہر جواب پانچ سو الفاظ سے کم نہ ہو۔

۲۰۔ اردو زبان کے آغاز وارتقاء پر روشنی ڈالئے۔

۲۱۔ مرزا غالب کے حالات زندگی اور شاعری کی خصوصیات کا جائزہ لیجئے۔

۲۲۔ الطاف حسین حالی کے علمی وادبی کارناموں کا احاطہ کیجئے۔

۲۳۔ اردو میں انشاء پردازی اور مضمون نگاری کی تاریخ کا اجمالی جائزہ پیش کیجئے۔

۲۴۔ ذیل کے عناوین میں سے کسی ایک پر سیر حاصل مضمون لکھئے۔

(الف) اخبار بینی کے فائدے

(ب) انٹرنیٹ کے فائدے اور نقصانات

(ج) کورونا وائرس کی تباہ کاریاں
